روحانی خزائن

تصنیفات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

جلد ۵

آئینہ کمالاتِ اسلام

دیباچہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بابرکت تصانیف اس سے قبل رُوحانی خزائن کے نام سے ایک سیٹ کی صورت میں طبع ہو چکی ہیں لیکن ایک عرصہ سے نایاب ہونے کی وجہ سے اس بات کی شدت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اس رُوحانی مائدہ کو دوبارہ شائع کر کے تشنہ روحوں کی سیرابی کا سامان کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا بیحد احسان ہے کہ اسکی دی ہوئی توفیق سے خلافت رابعہ کے بابرکت دور میں اب ان کتب کو دوبارہ سیٹ کی صورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ یہ کتب اکثر چونکہ اُردو زبان میں ہیں اور اُردو دان طبقہ کی اکثریت پاکستان میں ہے اس لئے مناسب تو یہ تھا کہ ان کتب کی اشاعت بھی پاکستان میں ہوتی۔ لیکن ناگزیر مشکلات کی وجہ سے مجبوراً بیرون پاکستان سے ہی ان کی اشاعت کا فیصلہ کرنا پڑا۔

اس ایڈیشن کے سلسلہ میں چند امور قابل ذکر ہیں۔

ا۔ قرآنی آیات کے حوالے موجودہ طرز پر (نام سورۃ : نمبر آیت) نیچے حاشیہ میں دیئے گئے ہیں۔

ب۔ سابقہ ایڈیشن سے محض کتابت کی غلطیوں کی تصحیح کی گئی ہے۔

ج۔ ہاتھ سے لکھی ہوئی انگریزی عبارات کو صاف TYPE میں پیش کیا گیا ہے۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سعید روحوں کو ان رُوحانی خزائن کے ذریعہ راہِ ہدایت نصیب فرمائے اور ہماری حقیر کوششوں کو قبولیت بخشے۔ آمین

خاکسار

الناشر

۲۰ نومبر ۱۹۸۴ء

مبارک احمد ساقی ایڈیشنل ناظر اشاعت

روحانی خزائن کی یہ جلد پنجم ہے۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ السّلام کی ایک عظیم الشان تصنیف "آئینۂ کمالات اسلام" پر مشتمل ہے۔

"آئینۂ کمالات اسلام"

"آئینہ کمالات اسلام" کا دوسرا نام "دافع الوساوس" ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک حصّہ اُردو میں ہے۔ اور دوسرا عربی میں۔ اُردو حصّہ کی تاریخ ۱۸۹۲ء ہے۔ اور اس کا عربی حصّہ ۱۸۹۳ء کے آغاز میں لکھا گیا۔

اس کتاب کی وجہ تالیف جیسا کہ خود کتاب سے ظاہر ہے یہ ہوئی کہ ایک طرف اسلام کے خلاف پادریوں کی طرف سے جن کے فتنہ کو احادیث نبویہ میں دجّال کے فتنہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ مہم جاری تھی۔ اور وہ بے تحاشا اسلام، بانئ اسلام اور قرآن مجید پر اعتراضات کر رہے تھے۔ اور وہ اس یقین کے ساتھ میدان میں نکلے تھے کہ دُنیا کا آئندہ مذہب عیسائیت ہوگا۔ اور اسلام کو عیسائیت کے سامنے اپنے ہتھیار ڈالنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہوگا۔ اور دوسری طرف خود علمائے اسلام ایسے عقائد رکھتے تھے۔ جن سے پادریوں کے پیش کردہ عقائد کی تائید اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت اور فوقیت و برتری ثابت ہوتی تھی جو کہ تبلیغ عیسائیت کی بنیاد تھی۔ چنانچہ ۲۲؍ اگست ۱۸۹۹ء کو پنجاب کے لفٹیننٹ گورنر میکورتھ ینگ نے اپنی ایک تقریر میں کہا:-

"مشرق کے مذاہب میں جو چیز سب سے زیادہ قیمتی ہے۔ اس کو از سرِ نو تازہ

کرنے کی کوشش اس یقین کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہے کہ ایک ہستی یہاں ایسی موجود ہے۔ جو محمد، بدھ، ہندو تریمورتی اور گرو نانک سے بڑی ہے۔ . . . . کیا تم الگ ایک طرف رہو گے اور اس فتح میں حصہ نہ لوگے۔" (دی مشنری بائی کلارک لندن)

علاوہ ازیں جو مسلمان لیڈر اسلام کی تائید اور مخالفین اسلام کے حملوں کا جواب دینے کے لئے اُٹھے وہ فلسفہ یورپ سے متاثر اور یورپین فلاسفروں کے اعتراضات سے مرعوب ہو کر اسلامی عقائد کی ایسی ایسی تشریحیں کرنے لگے جو صریح طور پر نصوص قرآنیہ اور احادیث نبویہ کے خلاف تھیں۔ گویا وہ خود اپنے قلم سے دشمنان اسلام کے اعتراضات کی تصدیق کر رہے تھے۔ اور یہ اعلان کر رہے تھے کہ مسلمانوں کے وہ عقائد بھی جن پر تیرہ سو سال سے ان کا اتفاق رہا غلط تھے۔

سر سیّد مرحوم کے خیالات

مثلاً سر سیّد مرحوم نے جو بلا شبہ مسلمانوں کے ایک بڑے ہمدرد لیڈر تھے۔ اور انہوں نے ظاہری تعلیم کے سلسلہ میں مسلمانوں کی بہت بڑی خدمت بھی کی۔ نہ صرف تاثیر دُعا اور معجزات وغیرہ کا انکار کیا بلکہ ملائکہ کے متعلق اپنی تفسیر القرآن میں لکھا:۔

"جن فرشتوں کا قرآن میں ذکر ہے۔ ان کا کوئی اصلی وجود نہیں ہو سکتا۔ بلکہ خدا کی بے انتہا قدرتوں کے ظہور کو اور ان قویٰ کو جو خدا نے اپنی تمام مخلوق میں مختلف قسم کے پیدا کئے ہیں ملک یا ملائکہ کہا ہے۔" (تفسیر القرآن جلد ۱ صفحہ ۴۳)

نیز لکھا:۔

"اسی ملکۂ نبوت کا جو خدا نے انبیاء میں پیدا کیا ہو۔ جبرئیل نام ہے۔ (تفسیر القرآن جلد ۱ صفحہ ۳۲)

وحی نبوت سے متعلق لکھا:۔

"میں نبوت کو ایک فطری چیز سمجھتا ہوں۔ جو انبیاء میں مقتضائے اپنی فطرت کے مثل دیگر قوائے انسانی کے ہوتی ہے۔ جس انسان میں وہ قوت ہوتی ہے وہ نبی ہوتا ہے۔" (تفسیر القرآن جلد ۱ صفحہ ۳۱)

"وہ خود اپنا کلام نفسی ان ظاہری کانوں سے اس طرح پر سنتا ہے جیسے کوئی دوسرا شخص اس سے کہہ رہا ہے۔ وہ خود اپنے آپ کو ان ظاہری آنکھوں سے

اس طرح پر دیکھتا ہے جیسے دوسرا شخص اسکے سامنے کھڑا ہوا ہے" (" " ۳۲)

"ہم بطور تمثیل گو وہ کیسی ہی کم مرتبہ ہو اس کا ثبوت دیتے ہیں۔ ہزاروں شخص ہیں۔ جنہوں نے مجنونوں کی حالت دیکھی ہوگی۔ وہ بغیر بولنے والے کے اپنے کانوں سے آوازیں سُنتے ہیں۔ تنہا ہوتے ہیں۔ مگر اپنی آنکھوں سے اپنے پاس کسی کو کھڑا ہوا۔ باتیں کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ وہ سب انہی کے خیالات ہیں جو سب طرف سے بے خبر ہو کر ایک طرف مصروف اور اس میں مستغرق ہیں اور باتیں سُنتے اور باتیں کرتے ہیں۔ پس ایسے دل کو جو فطرت کی رو سے تمام چیزوں سے بے تعلق اور رُوحانی تربیت پر مصروف اور اس میں مستغرق ہو۔ ایسی واردات کا پیش آنا کچھ بھی خلاف فطرت انسانی نہیں ہے۔ ہاں ان دونوں میں اتنا فرق ہے کہ پہلا مجنون ہے۔ پچھلا پیغمبر گو کہ کافر پچھلے کو بھی مجنون بتاتے تھے۔" (تفسیر القرآن جلد ۱ صـ۳۳)

"یہی نقش قلبی دوسرے بولنے والے کی صورت میں دکھائی دیتا ہے۔ کبھی وہی انتقاش قلبی مثل ایک بولنے والی آواز کے انہیں ظاہر کانوں سے سنائی دیتا ہے۔ مگر بجز اپنے آپ کے نہ وہاں کوئی آواز ہے نہ بولنے والا۔" (" صـ۳۳)

وحی و نبوت سے متعلق جو نظریہ سرسید مرحوم کی مذکورہ بالا عبارات میں ظاہر کیا گیا ہے۔ وہ مغربی فلسفہ کی ایجاد ہے جو قرآن مجید اور احادیث نبویہ کی نصوص صریحہ و بینہ کے مخالف ہے اور اس نظریہ کو صحیح تسلیم کرنے سے تمام انبیاء کو نعوذ باللہ جھوٹا ماننا پڑتا ہے۔

الغرض یہ مسلمان مصلحین بھی درحقیقت دشمنان اسلام کی تقویت کا باعث بن رہے تھے اور ان بیرونی دشمنوں کے حملوں اور اندرونی مسلم نما مصلحین کی دُور از کار تاویلات و تشریحات سے اسلام کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ رہا تھا۔ اور اسلام کا محبوبانہ اور دلربا چہرہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو رہا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے مامور حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسلام کا دلکش اور دل آویز خوبصورت چہرہ ظاہر کرنے اور اس کے محاسن و کمالات کو منظر عام پر لانے کے لئے یہ کتاب آئینہ کمالات اسلام تحریر فرمائی تا دنیا کے لوگوں کو قرآن کریم کے کمالات معلوم ہوں اور اسلام کی اعلیٰ تعلیم سے انہیں واقفیت حاصل ہو۔ اس کتاب میں آپ نے حقیقت اسلام اور وحی و نبوّت اور ملائکہ کے وجود اور

ان کے کاموں پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے ان شبہات اور وساوس کا بھی جواب دیا جو موجودہ فلسفہ کی رو سے ان مسائل پر کئے جاتے تھے۔ اور مسلمان علماء کے ان عقائد کی بھی معقولی اور منقولی رنگ میں تردید فرمائی جن سے مسیح ناصری علیہ السلام کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت ظاہر ہوتی تھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سید الاولین و الآخرین اور افضل الانبیاء ہونا ثابت کیا۔ اور ان مسلمان لیڈروں کو جو فلسفہ یورپ سے مرعوب تھے اور ایسا مدافعانہ رویہ اختیار کر رہے تھے۔ جیسے کوئی دشمن کے غلبہ اور اس کے رعب سے مرعوب ہوکر اور اپنے آپ کو عاجز اور درماندہ پاکر مصالحت کا خواہاں ہوتا ہے۔ دعوت دیتے ہوئے کہ میں ان کے شبہات کا ازالہ کرسکتا ہوں وہ میری طرف رجوع کریں۔ آپ نے فرمایا:۔

"اس زمانہ میں جو مذہب اور علم کی نہایت سرگرمی سے لڑائی ہو رہی ہے اس کو دیکھ کر اور علم کے مذہب پر حملے مشاہدہ کرکے بے دل نہیں ہونا چاہیئے کہ اب کیا کریں۔ یقیناً سمجھو کہ اس لڑائی میں اسلام کو مغلوب اور عاجز دشمن کی طرح صلح جوئی کی حاجت نہیں بلکہ اب زمانہ اسلام کی روحانی تلوار کا ہے۔ جیساکہ وہ کسی وقت اپنی ظاہری طاقت دکھلا چکا ہے۔ یہ پیشگوئی یاد رکھو کہ عنقریب اس لڑائی میں بھی دشمن ذلت کے ساتھ پسپا ہوگا اور اسلام فتح پائے گا۔ حال کے علوم جدیدہ کیسے ہی زور آور حملے کریں۔ کیسے ہی نئے نئے ہتھیاروں کے ساتھ چڑھ چڑھ کر آویں مگر انجام کار ان کے لئے ہزیمت ہے۔ میں شکر نعمت کے طور پر کہتا ہوں کہ اسلام کی اعلیٰ طاقتوں کا مجھ کو علم دیا گیا ہے۔ جس علم کی رو سے میں کہہ سکتا ہوں کہ اسلام نہ صرف فلسفہ جدیدہ کے حملہ سے اپنے تئیں بچائے گا۔ بلکہ حال کے علوم مخالفہ کو جہالتیں ثابت کر دے گا۔ اسلام کی سلطنت کو ان چڑھائیوں سے کچھ بھی اندیشہ نہیں ہے۔ جو فلسفہ اور طبعی کی طرف سے ہو رہے ہیں۔ اس کے اقبال کے دن نزدیک ہیں۔ اور میں دیکھتا ہوں کہ آسمان پر اس کی فتح کے نشان نمودار ہیں۔ یہ اقبال روحانی ہے اور فتح بھی روحانی۔ تا باطل علم کی مخالفانہ طاقتوں کو ایسا ضعیف کر دے کہ کالعدم کر دیوے۔"

(آئینہ کمالات اسلام حاشیہ صفحہ ۲۵۴ و صفحہ ۲۵۵)

آئینہ کمالاتِ اسلام کی عند اللہ قبولیت

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"اس کتاب کی تحریر کے وقت دو دفعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مجھ کو ہوئی۔ اور آپ نے اس کتاب کی تالیف پر بہت مسرت ظاہر کی۔ اور ایک رات یہ بھی دیکھا کہ ایک فرشتہ بلند آواز سے لوگوں کے دلوں کو اس کی طرف بلاتا ہے اور کہتا ہے۔ "ھٰذا کتاب مبارک فقوموا للاجلال والاکرام"

یعنی یہ کتاب مبارک ہے اس کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔" (صفحہ ۶۵۲)

تفصیل اس مبارک اور پاک رؤیا کی جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں یہ کتاب آئینہ کمالات اسلام دکھائی گئی اور آنجناب نے اس پر اظہار مسرت فرمایا۔ اس کتاب کے حاشیہ صفحہ ۲۱۶-۲۱۷ میں مذکور ہے

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے آئینہ کمالات اسلام سے متعلق یہ رؤیا اور کشوف اس کتاب کی جلالت و عظمت شان پر دلالت کرتے ہیں۔ اور خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی تالیفات "سرمہ چشم آریہ" "فتح اسلام" "توضیح مرام" اور "ازالہ اوہام" کا ذکر کر کے فرماتے ہیں۔

"وکتاب آخر سبق کلھا الفتہ فی ھذہ الایام اسمہ دافع الوساوس" (صفحہ ۵۴۷)

کہ ایک اور کتاب ہے جو میں نے ان دنوں تالیف کی ہے۔ اور وہ ان سب مذکورہ کتب پر سبقت لے گئی ہے۔ اس کا نام دافع الوساوس ہے۔ اور وہ ان لوگوں کے لئے حد درجہ نافع ہے۔ جو اسلام کا حسن دکھانا اور مخالفوں کا منہ بند کرنا چاہتے ہیں۔"

عربی حصہ

حضرت اقدس نے اس کتاب کا عربی حصہ جو "التبلیغ" کے زیر عنوان تحریر فرمایا وہ حضور کی عربی میں پہلی تصنیف ہے اس سے قبل نہ آپ نے عربی زبان میں کوئی تصنیف فرمائی تھی۔ اور نہ عربی زبان میں کوئی مضمون تحریر فرمایا تھا۔ اس کی تحریک جیسا کہ خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تحریر فرمایا ہے۔ یوں ہوئی کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے ۱۱ر جنوری ۱۸۹۳ء کو حضرت اقدس سے عرض کیا کہ اس کتاب دافع الوساوس میں ان فقراء اور پیرزادوں کی طرف بھی بطور دعوت

و اتمام حجت ایک خط شامل ہونا چاہیئے تھا۔ جو بدعات میں دن رات غرق اور اس سلسلہ سے جس کو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا ہے۔ بے خبر ہیں۔ حضور کو یہ صلاح مولوی صاحب موصوف کی پسند آئی حضور فرماتے ہیں :۔

"میرا ارادہ یہ تھا کہ یہ خط اُردو میں لکھوں۔ لیکن رات کو بعض ارشادات الہامی سے ایسا معلوم ہوا۔ کہ یہ خط عربی میں لکھنا چاہیئے۔ اور یہ بھی الہام ہوا کہ ان لوگوں پر اثر بہت کم پڑے گا۔ ہاں اتمام حجت ہوگا۔" (صفحہ ۳۵۹-۳۶۰)

حضور علیہ السلام نے یہ خط بزبان عربی نہایت فصیح و بلیغ مقفّٰی اور مسجّع عبارت میں لکھا۔ جو بجائے خود آپ کی صداقت کا ایک زندہ نشان ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عربی تصانیف سے متعلق ہم روحانی خزائن کی ساتویں جلد کے پیش لفظ میں ایک مفصّل نوٹ دینگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

کتابت کی غلطیوں کے متعلق ضروری گذارش

ہم رُوحانی خزائن کی بعض پہلی جلدوں میں بھی لکھ چکے ہیں کہ ہمارے ملک کے موجودہ طریق کتابت و طباعت کی وجہ سے انتہائی کوشش اور توجہ کے باوجود عموماً ہر کتاب میں بعض غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ اس سے وہ کتابیں بھی مستثنیٰ نہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں شائع ہوئیں۔ کیونکہ اوّل تو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی کاپیوں اور پروفوں کے پڑھنے کا کام حضرت مسیح موعودؑ کے علاوہ بعض دوسرے لوگ بھی کرتے تھے۔ جن میں احتیاط کا اتنا مادہ نہیں تھا۔ اور دوسرے بشری لوازمات کے ماتحت سہو ونسیان ایسی چیز ہے جس سے انبیاء تک مستثنیٰ نہیں۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ "اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَنْسٰی کَمَا تَنْسَوْنَ"۔ (بخاری) یعنی میں بھی تمہاری طرح کا انسان ہوں اور کبھی کبھی بھول بھی جاتا ہوں۔ جس طرح تم بھول جاتے ہو۔

اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی کتاب ایام الصلح میں فرماتے ہیں :۔

"مَیں بشر ہوں اور بشریت کے عوارض مثلاً سہو و نسیان دوسرے انسانوں کی طرح مجھ میں بھی ہیں۔"

اسی طرح اپنی کتاب انجام آتھم میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"میری کتابوں میں سہو کاتب اور بغیر ارادہ لغزش قلم کی بعض غلطیاں پائی جاتی ہیں۔" (ترجمہ از عربی عبارت)

پس حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتابوں میں کتابت کی غلطیوں یا سہو و نسیان کی غلطیوں کا

پایا جانا قابلِ تعجب نہیں ہے۔ لیکن ہمارا اصول یہ ہے کہ جس صورت میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سامنے اور حضور کی نگرانی میں چھپنے والی کتاب چھپ گئی۔ اُسے بعد میں محض اپنے قیاس سے بدلنا ہرگز درست نہیں۔ کیونکہ اس سے آہستہ آہستہ تحریف کا دروازہ کھل سکتا ہے۔ جو کسی طرح جائز نہیں پس ہم نے کتابت کی بعض صریح غلطیوں کو بھی نظرانداز کر کے نقل مطابق اصل کا اصول اختیار کیا ہے۔ البتہ کسی کتاب میں قرآن شریف کی کوئی آیت یا حدیث نبوی کا کوئی حصہ کاتب کی غلطی سے غلط چھپ گیا ہے تو اسے درست کر دیا ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی تصحیح کے لئے ہمارے پاس ایک یقینی اور قطعی ذریعہ موجود ہے۔ اسکے علاوہ کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ اور نہ ایسا کرنا جائز سمجھا گیا ہے۔

ہم نے اس کتاب کی کتابت آئینہ کمالات اسلام ایڈیشن اوّل مطبوعہ ۱۸۹۳ء سے صفحہ بصفحہ کروائی ہے۔ تمام کتاب میں پہلے ایڈیشن کی پوری پوری مطابقت اختیار کی گئی ہے۔ یہانتک کہ ایڈیشن اوّل کے شروع میں جو غلط نامہ ۴ صفحات کا شامل تھا۔ اگرچہ اسکے مطابق اصل کتاب میں درستی کر دی گئی ہے تاہم اس خیال سے کہ چونکہ پہلے ایڈیشن میں غلط نامہ لگا ہوا ہے۔ اس لئے اس غلط نامہ کی بھی نقل شامل کر دی گئی ہے۔ اسی طرح اشتہار مندرجہ صفحہ ۶۵۷ کا انگریزی ترجمہ بھی جیسے کہ پہلے ایڈیشن میں تھا۔ کتاب کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے تاکہ نقل اصل کے بالکل مطابق ہو جائے۔

اس سلسلہ میں ایک ضروری بات یہ بھی عرض کرنا ہے کہ اگرچہ پہلے ایڈیشن میں جہاں جہاں کتابت کی غلطیاں ہو گئی تھیں ان کو غلط نامہ سے دیکھ کر درست کرنے کے بعد کتابت کروائی گئی مگر جس جگہ ہمیں اصل کتاب میں کوئی لفظ صحیح معلوم ہوا ہے وہ رہنے دیا گیا ہے اور غلط نامہ میں جو لفظ صحیح قرار دیا گیا تھا۔ وہ حاشیہ میں لکھ دیا ہے۔ بعض اور کتابت کی غلطیاں بھی اصل کتاب میں تھیں ان میں سے بعض کی درستی حاشیہ میں کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں بعض جگہ کاتب نے ایسی طرز پر عربی الفاظ لکھے ہیں کہ ان کا اصل معلوم کرنے میں دقت پیش آتی ہے۔ وہ بھی حتی الامکان صحیح طرز تحریر کے مطابق لکھ دیئے گئے ہیں۔

خاکسار

جلال الدین شمس

اِنڈیکس مضامین

انڈکس
روحانی خزائن جلد پنجم
(مرتبہ مولانا جلال الدین شمس)

الف

۳۰۔ (حضرت) ابراہیمؑ
حضرت ابراہیمؑ کی اپنے بچے کو خواب میں ذبح کرنے کی تعبیر مینڈھے کو ذبح کرنا تھا۔ لیکن حضرت ابراہیمؑ

فذلک یسبحون میں اسی طرف اشارہ ہے۔

حاشیہ در حاشیہ ص۱۳۸

۲- یونانیوں نے جو تشریح آسمانوں کے بارے میں کی ہے۔ وہ قرآنی تشریح سے مطابق نہیں اور اس پر کئی اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔ اور قرآنی تشریح ایسی بدیہی الصداقت ہے کہ کوئی عقل سلیم اس سے انکار نہیں کرسکتی اور اسپر مدلل تفصیلی بحث۔ تجارب اور مشاہدات سے ثبوت۔ حاشیہ در حاشیہ ص۱۳۸-۱۴۹

۳- استقرائی دلیل اس بات پر کہ آسمان نرا پول نہیں۔ ص۱۴۲-۱۴۸

آسمان سے متعلق اعتراضات اور اُنکے جوابات

۱- اس اعتراض کا جواب کہ اگر آسمان لطیف مادہ ہے تو قرآن میں اس کے پھٹنے اور اس میں شگاف ہونے کے کیا معنی ہیں۔ یہ ہے۔

(الف) کہ اکثر جگہ قرآن کریم میں سماء سے مراد کل ما فی السماء ہے۔ (ب) لطیف جرم تو بہت زیادہ خرق کو قبول کرتا ہے۔ (ج) قرآن کریم کے ہر ایک لفظ کو حقیقت پر حمل کرنا بھی بڑی غلطی ہے ان الفاظ سے مراد یہ ہے ہر ایک جو بنایا گیا توڑا جائے گا۔ اور ہر ایک جسم اور جسمانی عالم پر فنا طاری ہوگی (۴) قرآن کریم کی دُوسری آیات سے ثابت ہے کہ انشقاق و انفطار سے جو آسمانوں کی نسبت وارد ہیں۔ ایسے معنی مراد نہیں جو جسم کثیف صلب کے حق میں مراد لئے جاتے ہیں جیسے آیت

والسموات مطویات بیمینہ اور آیت یوم نطوی السماء کطی السجل للکتب حاشیہ در حاشیہ ص۱۴۹-۱۵۵

۲- اس اعتراض کا کہ خداتعالیٰ نے سات آسمان کیوں بنائے یہ جواب ہے کہ درحقیقت یہ تاثیرات مختلفہ کی طرف اشارہ ہے۔ جو مختلف طبقات سماوی سے مختلف ستارے اپنے اندر جذب کرکے پھر زمین پر ان تاثیرات کو ڈالتے ہیں۔ حاشیہ در حاشیہ ص۱۵۵-۱۵۷

۳- اعتراض چھ دن میں زمین و آسمان کو پیدا کرنا ضعف پر دلالت کرتا ہے اور آیت واذا اراد شیئًا ان یقول لہ کن فیکون کے مخالف ہے۔

جواب قدرت کا مفہوم خواہ بلاتوقف ہوجانے کو مستلزم نہیں بلکہ کامل قدرت اور کامل ارادہ اسکو کہا جائے گا جبکہ وہ ایک فاعل کے اصل منشاء کے موافق جلد یا دیر کے ساتھ ہو۔ پھر ارادہ بھی تو دیر کے ساتھ معلق ہوسکتا ہے۔ حاشیہ در حاشیہ ص۱۶۰-۱۷۱

۴- اعتراض خداتعالیٰ نے زمین و آسمان کو چھ دن میں کیوں پیدا کیا؟

جواب چھ دن کا ذکر درحقیقت مراتب تکوینی کی طرف اشارہ ہے۔ ہر ایک چیز جو بطور خلق صادر ہوئی خواہ عالم کبیر جو زمین و آسمان وما فیھما سے مراد ہے۔ خواہ عالم صغیر جو انسان سے مراد ہے۔ وہ چھ مرتبے طے کرکے اپنے کمال خلقت کو پہنچتی ہے۔ انسان کی پیدائش کی نسبت بھی آیت ولقد خلقنا الانسان من سلالۃ

من طین الی احسن الخالقین میں انہی مراتب ستہ کا ذکر فرمایا ہے۔ اور ان مراتب کی تفصیل۔ نیز دنیا کی تمام قوموں نے بھی ایک دن تعطیل کا نکال کر چھ دنوں کو کام کے لئے خاص کیا۔ پس یہ چھ دن ان چھ دنوں کی یادگار ہیں۔ جن میں زمین و آسمان پیدا کئے گئے۔ حاشیہ در حاشیہ ص۱۴۲-۲۱۱

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیکھو "محمد"

آیات قرآنیہ

اور علمائے اسلام کی تمام تر کوشش مسلمانوں کی تکفیر اور اخراج از اسلام کے لئے ہے۔ ص۸

۴۔ فلسفیانہ وساوس سے ایک بڑا حصہ نو تعلیم یافتہ مسلمانوں کا اسلام سے ایسا دُور جا پڑا ہے۔ گویا اس نے اسلام چھوڑ دیا ہے اور بہت سے نادان اور کم عقل اسلام کی روشنی ترک کر کے عیسائی عقائد کی ظلمت میں داخل ہو گئے۔ ص۱۲

۵۔ **اعتراضات**۔ مؤلف کی دریافت کے مطابق مخالفین اسلام نے اسلام اور تعلیم قرآن کریم اور ہمارے سید و مولیٰ کی نسبت تین ہزار کے قریب اعتراض کئے ہیں۔ ص۳۷

۶۔ مُلک ہند میں ایک لاکھ کے قریب لوگوں نے عیسائی مذہب اختیار کیا اور چھ کروڑ سے زیادہ اسلام کے مخالف کتابیں تالیف ہوئیں۔ ص۵۱

۷۔ اسلام پر مصیبت کا وقت اور یہ کہ وہ مسلسل اور غیر منقطع خطرات میں پڑا ہے اور علماء نے شناخت نہیں کیا بلکہ عیسائیوں کی مدد کی۔ ص۴۶

۸۔ اسلام پر گذشتہ صدی میں صدمات اور آفات کے آنے کا ذکر مسلمانوں کا عیسائی اور دہریہ وغیرہ ہونا۔ مخالفوں کے اعتراضات اور عقلی فلسفی۔ فسق و فجور لالچ و طمع دینے۔ اباحت۔ دہریت شرک اور بدعات کے طوفان آئے جس کی نظیر پہلے زمانوں میں نہیں پائی گئی۔ عام ضلالت پھیل گئی۔ جس کی بنیاد عیسائیت اور عیسائی قوم نے ڈالی۔ جس کی وجہ سے مجدد وقت بھی مسیح کے نام پر آیا۔ ص۲۵۱-۲۵۴

۹۔ اسلام پر جو اس وقت فلسفیانہ اور دہریانہ حملے ہو رہے ہیں۔ ان کی نظیر پہلے کسی زمانہ میں نہیں مل سکتی۔ حاشیہ ص۲۶۳

مولویوں کی بدتر حالت کا ذکر۔ پیرزادوں اور فقراء اور اہل اللہ کہلانے والوں کی اسلام کی طرف سے بے پروائی اور غفلت۔ حاشیہ ص۲۶۵-۲۶۶

۱۰۔ **حقیقت اسلام** (الف) بحث اس بات پر کہ دین اسلام کی حقیقت اور اس تک پہنچنے کے وسائل اور اس حقیقت پر پابند ہونے کے ثمرات کیا ہیں۔ ص۵۷

(ب) اسلام کے لغوی اور اصطلاحی معنے۔

لغوی۔ بطور پیشگی ایک چیز کا مول دیا جائے یا کسی کو اپنا کام سونپیں یا صلح کے طالب ہوں یا کسی امر یا خصومت کو چھوڑ دیں۔ ص۵۷، ۵۸

اصطلاحی آیت بلیٰ من اسلم وجهه میں مذکور ہیں۔ یعنی خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے تمام وجود کو وقف کر دے اور اعتقادی اور عملی طور پر محض خدا تعالیٰ کا ہو جاوے اور اس کی تفصیل ص۵۸، ۶۰، ۶۲

(ج) حقیقت اسلامیہ جس کی تعلیم قرآن فرماتا ہے۔ نئی چیز نہیں بلکہ تمام انبیاء اسی حقیقت کے ظاہر کرنے کے لئے بھیجے گئے۔ اور تمام الٰہی کتابوں کا یہی مدعا رہا۔ مگر قرآن کریم کی تعلیم کو دوسری تعلیموں پر کمال درجہ کی فوقیت دو وجہ سے

حاصل ہے۔ ص۱۲۶ دیکھو "قرآن کریم کی فضیلت"
(د) معرفت تامہ کے مقام پر حقیقت اسلام
حاصل ہوجاتی ہے تب دونوں طرف سے یہ آواز
آتی ہے کہ جو میرا ہے سو تیرا ہے۔ ص۱۶۹

۱۱۔ **وسائل حصول حقیقتِ اسلام** حقیقت اسلام
کے حصول کے لئے قرآن نے بہت سے وسائل
بیان فرمائے ہیں۔ ان سب کا مآل دو پر ہی
جا ٹھہرتا ہے۔

اوّل خدا تعالیٰ کی ہستی اسکی مالکیت تامہ۔ قدرت تامہ
حکومت اور اسکی تمام قوتوں اور طاقتوں وغیرہ
کے متعلق پورا الیقین آجائے۔ ص۱۸۰-۱۸۱

دوم یہ کہ اللہ جلشانہ کے حسن و احسان پر
اطلاع وافر پیدا کرے کیونکہ کامل درجہ کی
محبت یا تو حسن کے ذریعہ یا احسان کے ذریعہ
پیدا ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کے حسن اور اسکی ذات
اور صفات کی خوبیوں کا ذکر۔ ص۱۸۲-۱۸۴

ان کے علاوہ صوم وصلوٰۃ دعا اور تمام احکام
الٰہی جو چھ سو سے بھی کچھ زیادہ ہیں۔ لیکن
علم عظمت و وحدانیت ذات مع صفات
جلالی وجمالی وسیلۃ الوسائل اور سب کا
موقوف علیہ ہے۔ ص۱۸۷-۱۸۸

۱۲۔ **اسلام کے ثمرات**۔ ہدایت کی اعلیٰ تجلیات
تمام حجب سے مبرا۔ برکات کا نزول۔ عقائد جو
محض ایمان اور سماع کے طور پر قبول کئے
تھے۔ بذریعہ مکاشفات صحیحہ اور الہامات
یقینیہ مشہودہ ومحسوس طور پر کھولے جانا۔ فوق العادت
شجاعت۔ استقامت اور ہمت۔ شرح صدر کا
اعلیٰ مقام۔ ہر ایک نفسانی تاریکی کا بکلی دور کر کے
ان کی جگہ ربانی اخلاق کا نور بھر دیا جانا۔ زمین پر
حجت اللہ اور امان اللہ ہونا۔ مکالمات مخاطبات
الٰہیہ سے مشرف ہونا وغیرہ ص۲۲۶-۲۳۰

۱۳۔ **اسلام زندہ مذہب ہے**۔ اس کی برکات
ہمیشہ اس کے ساتھ ہیں۔ دنیا کو برکات اور آسمانی
نشانوں کی ہمیشہ ضرورت ہے۔ ہر ایک نئی صدی
جو آتی ہے۔ تو گویا ایک نئی دنیا شروع ہوتی
ہے۔ اس لئے اسلام کا خدا ہر نئی دنیا کے لئے
نشان دکھانے کے لئے ایک قائم مقام نبی کا پیدا
کر دیتا ہے جس کے آئینہ فطرت میں نبی کی
شکل ظاہر ہوتی ہے۔ اور وہ قائم مقام نبی متبوع
کے کمالات کو اپنے وجود کے توسط سے لوگوں کو
دکھاتا ہے اور اس کمال کا آدمی ہمیشہ مکالمہ الٰہیہ
کا خلعت پاکر آتا ہے۔ اور زکی اور مبارک اور
مستجاب الدعوت ہوتا ہے۔ اتمام حجت کیلئے
اپنے وجود کو پیش کیا ہے۔ ص۲۴۵-۲۵۱

۱۴۔ **اسلام کی روحانی فتح**۔ مذہب اور علم کی
جو جنگ جاری ہے۔ اس جنگ میں بھی دشمن
ذلت کے ساتھ پسپا ہوگا۔ اور اسلام فتح پائیگا۔
اسلام کی اعلیٰ طاقتوں کا مجھے علم دیا گیا ہے۔
جس علم کی رو سے میں کہہ سکتا ہوں کہ اسلام نہ
صرف فلسفہ جدیدہ کے حملہ سے اپنے تئیں بچائیگا

کی نسبت کئے گئے ہیں۔ مگر یہ اعتراضات اسلام کے لئے مضر نہیں بلکہ اسلام کے مخفی دقائق و حقائق کے کھلنے کا ذریعہ ہیں ص۳۷

۲۔ مخالفین کے اسلام پر اعتراضات سے غفلت کی صورت میں جو خطرناک نتیجہ ہوگا۔ ص۳۸

اعتراضات اور انکے جوابات:۔ اسلام پر مخالفوں کے اعتراضات کا ذکر دیکھو زیر "اسلام"

۱۔ حضرت مسیح موعودؑ کے الہام انما امرك اذا اردت شیئا ان تقول له کن فیکون پر اعتراض کا جواب کہ خدا تعالیٰ کے کُنْ اور بندہ کے حالت لقا میں بحالت تموّج کُنْ میں فرق اور امتیاز۔ ص۶۸-۶۹

۲۔ اگرچہ روح القدس اور شیطان انسان کے دائمی قرین ہیں لیکن شیخ بٹالوی اور شیخ دہلوی کا عقیدہ اس کے مخالف یہ ہے کہ شیطان تو قرین دائمی ہے مگر روح القدس نہیں اور یہ کہ جبرئیل اور ملک الموت وغیرہ فرشتے اپنے اصلی وجود کے ساتھ زمین پر آتے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد آسمان پر چلے جاتے ہیں۔ اگر اس پر آریہ اور عیسائی اعتراض کریں کہ یہ تخالف کیوں ہے؟ تو اس کا جواب۔ اس صورت میں صدہا اعتراض قرآن اور حدیث اور عقل کے انپر وارد ہونے کے ایک یہ بھی ہے جو خدا تعالیٰ کے روحانی انتظام کا عدل اور رحم جاتا رہتا ہے۔ ص۸۹-۹۹

۳۔ **اس اعتراض کا جواب کہ اگر کل قول و فعل** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وحی سے تھا تو پھر آپ سے اجتہادی غلطی کیوں سرزد ہوئی ص۱۱۲

۴۔ اس اعتراض کا جواب کہ جس حالت میں روح القدس صرف ان مقربوں کو ملتا ہے جو بقا اور لقا کے مرتبہ تک پہنچتے ہیں۔ تو پھر روح القدس ہر ایک کا نگہبان کیونکر ہو سکتا ہے۔ حاشیہ ص۷۷-۸۰

۵۔ اس اعتراض کا جواب کہ جس حالت میں روح القدس انسان کو بدیوں سے روکنے کیلئے مقرر ہے تو پھر اس سے گناہ کیوں سرزد ہوتا ہے اور انسان کفر اور فسق و فجور میں کیوں مبتلا ہو جاتا ہے۔ حاشیہ ص۸۰-۸۱

۶۔ مخالفین اسلام کے اس اعتراض کا جواب کہ خدا تعالیٰ نے دانستہ انسان کے پیچھے شیطان کو لگا رکھا ہے۔ گویا اس کو آپ ہی خلق اللہ کو گمراہ کرنا منظور ہے۔ حاشیہ ص۸۲-۸۵

۷۔ اس اعتراض کا جواب کہ خدا تعالیٰ کو فرشتوں سے کام لینے کی کیا حاجت ہے۔ کیا اس کی بادشاہی بھی انسانی سلطنتوں کی طرح عملہ اور فوج کی محتاج ہے۔ حاشیہ ص۸۵-۸۸

۸۔ اس اعتراض کا جواب کہ اگر حضرت جبرئیل اور روح القدس ہمیشہ اور ہر وقت قرین دائمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے تو پھر ان اشارات قرآنی و احادیث کے کیا معنی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی راتوں تک جبرئیل آنحضرتؐ

یبعث الحق ویکشف الصدق ویخسر الخاسرون ص۳۵۵

(د) الہامات کی صحت کا معیار:- کوئی الہام بغیر مطابقت قرآن صحیح نہیں ہو سکتا۔ اور میرے تمام الہامات جیسے کہ مجھے کشفاً بتایا گیا ہے۔ شریعت کے موافق صحیح اور خالص ہیں۔ ص۲۱

(ہ) الہام اور عقل دیکھو "عقل اور الہام"

(و) الہام اور مکالمہ الٰہیہ میں فرق۔ الہام کا چشمہ گویا ہر وقت مقرب لوگوں میں بہتا ہے۔ ان کے تمام ارادے اور دیکھنا سُننا رُوح القدس کے نفخ سے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن مکالمہ یہ ہے کہ وحی متلو کی طرح خدا تعالیٰ کا کلام ان پر نازل ہوتا ہے اور وہ اپنے سوالات کا خدا تعالیٰ سے ایسا جواب پاتے ہیں۔ جیسا کہ ایک دوست دوست کو جواب دیتا ہے۔ الغرض وہ اللہ جلشانہ، کی ایک تجلی خاص کا نام ہے۔ جو بذریعہ اس کے مقرب فرشتہ کے ظہور میں آتی ہے۔ بہر حال یہ وحی ایک الٰہی آواز ہے۔ جو منجانب اللہ پیرایہ مکالمہ و مخاطبہ میں ظہور پذیر ہوتی ہے۔ ص۲۳۱-۲۳۲

(ز) الہام کی تین قسمیں۔ بلحاظ ابلاغ و عدم ابلاغ۔ ہر ایک ملہم من اللہ کو تین قسم کے الہام ہوتے ہیں۔ واجب التبلیغ۔ دوسرے وہ جن میں اظہار و عدم اظہار کا اختیار دیا جاتا ہے۔ تیسرے وہ جن کے اظہار سے ملہم لوگ منع کئے جاتے ہیں۔ حاشیہ ص۳۱۶

(ح) مشائخ فقراء و زہاد ہند وغیرہ بلاد کے متعلق الہام انھم ینادون من مکان بعید اور ان کو نصیحت ص۳۶۶

(ط) عیسائیوں کے فتنہ ہائلہ اور مسلمانوں کی بد حالی اور ضعف کے وقت اللہ تعالیٰ نے مجھے مامور کیا اور فرمایا:-

اصنع الفلك باعيننا ووحينا۔ انا جعلناك المسيح ابن مريم۔

قل تعالوا ندع ابناءنا الخ وغیرہ الہامات کا ذکر ص۳۷۳-۳۷۵

(ی) اردت ان استخلف فخلقت آدم کے کلام الٰہی ہونے پر آپ کا قسم اُٹھانا اور یہ دُعا کرنا کہ اگر ایسا نہیں اور تُو نے ہی مجھے خلیفہ مقرر نہیں کیا اور میرا نام کلیم اور عیسیٰ نہیں رکھا تو مجھے زندوں سے کاٹ ڈال۔ ص۵۹۸

امانت آیت انا عرضنا الامانة میں امانت سے مراد ص۱۶۱ و ۱۶۲ و ۱۷۳ و ۱۷۹ دیکھو زیر "تفسیر"

امتحان یا آزمائش و ابتلا کی حقیقت دیکھو زیر "اللہ"

اُمت محمدیہ کی فضیلت (الف) الٰہی طاقت کا

ب

سلب جذبات نفسانی الٰہی جذبہ اور تحریک سے
پھر جنبش میں آیا۔ اور بعد منقطع ہو جانے
تمام نفسانی حرکات کے پھر ربانی تحریکوں سے
پُر ہو کر حرکت کرنے لگا تو یہ وہ حیات ثانی ہے
جس کا نام بقاء رکھنا چاہیئے۔ ص۶۳-۷۰

(ب) بقا کا درجہ کسبی نہیں بلکہ وہبی ہے اور
کسب اور جد و جہد کی حد صرف فنا تک ہے ص۷۱-۷۲

(ج) ثم انشأ ناہ خلقاً آخر کا ہی وہ مرتبہ
بقا ہے جو فنا کے بعد ملتا ہے جس میں
رُوح القدس کامل طور پر عطا کیا جاتا ہے۔
حاشیہ در حاشیہ ص۲۰۷

بیت اللہ۔ حضرت مسیح موعودؑ کا اپنے آپکو بیت اللہ
سے اور دشمنوں کے حملہ کو حبشی کے حملہ سے تشبیہ دینا ص۱۰

پ

پادری۔ پادریوں کی فتنہ پردازیوں کا ذکر اور مسلمانوں
کی غفلت ص۱۳-۱۵

پریس۔ دو پریس قائم کرنے اور ایک اخبار جاری
کرنے اور ایک خوشخط کاپی نویس اور کاغذ کے
مصارف کے لئے اڑھائی سو روپیہ ماہوار
اخراجات کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام
کی طرف سے تحریک۔ ص۱۳۶

پُل صراط۔ آخرت میں پل صراط ہو گا اور ہم اپنی آنکھوں
سے دیکھیں گے۔ اور وہ درحقیقت دنیا کی
روحانی پل صراط کا ہی ایک نمونہ ہے۔ اور
وہ درحقیقت صراط مستقیم کا جو افراط و
تفریط سے پاک ہے۔ متمثل ہو گا اور اس کی
تفصیل ص۱۴۶-۱۴۸

پیشگوئیاں

۱۔ فلسفہ قرآن کے غالب آنے کی پیشگوئی

خدا تعالیٰ نے قرآن میں خبر دی ہے۔ کہ سخت جوش
ضلالت اور بے ایمانی اور بد استعمالی عقل کا جو دجال
کے نام سے موسوم کیا گیا۔ قرآن جو سچے فلسفہ سے
بھرا ہوا ہے حال کے دھوکہ دینے والے فلسفہ
کے طوفان پر بھی غالب آئے گا۔ ص۴۰-۴۱

**۲۔ مذہب اور سائنس کی جنگ میں اسلام کے
غالب آنے کی پیشگوئی**۔ حاشیہ ص۲۵۴-۲۵۵

۳۔ مخالفین احمدیت کی ناکامی سے متعلق

اللہ تعالیٰ تمہاری بیوقوفیاں تم پر ظاہر کرے گا۔ اور
اپنے بندہ کا مددگار ہو گا۔ اور اس درخت کو کبھی
نہیں کاٹے گا جس کو اُس نے اپنے ہاتھ سے لگایا
وہ دانا و بینا اور ارحم الراحمین ہے وہ کیوں اس
پودے کو کاٹے گا۔ جس کے پھلوں کے مبارک
دنوں کی وہ انتظار کر رہا ہے۔ ص۵۴

۴۔ یورپ کے ہیئت اور سائنس دانوں کی کائنات الجو
اور ان کے نتائج کے متعلق پیشگوئیوں کی حقیقت
حاشیہ ص۱۱۸

پیشگوئی متعلقہ مرزا احمد بیگ ہوشیارپوری

(الف) نور افشاں نے اپنے پرچہ ۱۰ مئی ۱۸۸۸ء
میں ایک خط متعلقہ پیشگوئی مرزا احمد بیگ شائع

کرکے جو بد زبانی کی اس کا جواب۔ اصل پیشگوئی کے الفاظ جو خط میں درج ہیں ص ۲۷۹-۲۸۰

(ب) **پیشگوئی کا وقوع**، اپریل ۱۸۹۲ء کو احمد بیگ نے اپنی لڑکی کا دوسری جگہ نکاح کیا اور ۳۰ ستمبر ۱۸۹۲ء کو وہ مطابق پیشگوئی مرگیا۔ ص ۲۸۰ و حاشیہ ص ۲۸۹ و ص ۳۲۱

(ج) **ایک پیشگوئی پیش از وقوع کا اشتہار** اس پیشگوئی کی تقریب کیسے پیش آئی جن کے متعلق پیشگوئی کی گئی وہ قرآن شریف پر طرح طرح کے اعتراضات کرتے اور مجھ سے کوئی نشان مانگتے تھے۔ اور وہ مجھے دعویٰ الہام میں مکار اور دروغگو خیال کرتے تھے۔ ص ۲۸۴-۲۸۵ و ص ۳۲۰ نیز دیکھو تفصیل اور اس سے متعلق بقیہ الہامات ص ۵۶۷-۵۷۶ اور اس سے متعلق خط وکتابت اور یہ پیشگوئی و آخر المصائب موتک ص ۵۷۳-۵۷۶ و حاشیہ ص ۶۲۸

(د) **انحراف نکاح کی صورت میں پیشگوئی کے الفاظ**:۔ جس دوسرے شخص سے وہ بیاہی جائے گی وہ روز نکاح سے اڑھائی سال تک اور ایسا ہی والد اس دختر کا تین سال تک فوت ہو جائے گا۔ ص ۲۸۶

(ھ) اس پیشگوئی میں نہ ایک بلکہ چھ پیشگوئیاں تھیں ان کی تفصیل ص ۳۲۵

(و) **نور افشاں کے اس اعتراض کا جواب** کہ اگر خدائی الہام تھا تو اسے پوشیدہ کیوں رکھا۔ اور خط میں پوشیدہ رکھنے کی کیوں تاکید کی ص ۲۸۷-۲۸۸

۶۔ **صدق وکذب جانچنے کا معیار**۔ ہمارا صدق یا کذب جانچنے کیلئے ہماری پیشگوئی سے بڑھ کر اور کوئی محک امتحان نہیں ہو سکتا۔ ص ۲۸۸

۷۔ **پسر موعود یا مصلح موعود** (الف) پیشگوئیوں کے مجموعی الفاظ یہ ہیں کہ بعض لڑکے فوت بھی ہونگے اور ایک لڑکا خدا تعالیٰ سے ہدایت میں کمال پائے گا۔ ص ۳۰۵

(ب) پیشگوئی در بارہ پسر موعود یا مصلح موعود ص ۵۷۷-۵۷۸ و ص ۶۴۷

(ج) حدیث کہ مسیح موعود شادی کریگا اور اس کی اولاد ہوگی۔ اس میں اشارہ ہے کہ اسے ایک لڑکا دیا جائیگا جو اسکی نظیر ہوگا اور خدا کے معزز بندوں میں سے ہوگا۔ حاشیہ ص ۵۷۸

۸۔ **پیشگوئیاں بصورت استعارہ**۔ (الف) غیبی پیشگوئیوں کا ذکر اللہ تعالیٰ کبھی مصرح الفاظ میں اور کبھی مجاز اور استعارہ کی زبان میں بیان کرتا ہے ص ۴۲۶

(ب) جب کسی واقعہ کو اخفار کی صورت میں بیان کرتا ہے۔ تو وہ چار قسم پر ہوتا ہے۔ (۱) بڑے واقعہ کو چھوٹا کرکے جیسے غزوہ بدر (۲) چھوٹے کو بڑا اور نادر کرکے جیسے ملائکہ کی بشارت (۳) اور مبشر کو مخوف (۴) مخوفہ کو مبشرہ کرکے اور ان کی قرآن سے مثالیں۔ جیسے رؤیا ابراہیم کہ بچے کو ذبح کرتے دیکھا۔ اس کی تعبیر مینڈھے کو ذبح

تعدد ازواج کی حکمت اور کن حالات میں تعدد ازواج واجب ہو جاتا ہے۔ اور گذشتہ انبیاء ابراہیم، یعقوب، موسیٰ، داؤد اور یوسف زوج مریم کا بہت سی بیویاں کرنے کا ذکر ص۲۸۱-۲۸۴

تفسیر - ۱- آیت بلیٰ من اسلم وجهه لله وهو محسن الآية کی نہایت لطیف تفسیر اس میں حقیقتِ اسلام اس تک پہنچنے کے ذرائع اور اسکے ثمرات کا ذکر اور سعادت تامہ کے تینوں درجوں فنا۔ بقا۔ لقا کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ص۵۸-۶۵

۲- آیت انی متوفیك اس اعتراض کا جواب کہ یہ تو وعدہ ہے اس سے یہ نہیں نکلتا کہ وہ وعدہ پورا بھی کر دیا۔ ص۴۵-۴۶

۳- آیت۔ ان کل نفس لما علیها حافظ کی لطیف تفسیر۔ ہر نفس پر ایک فرشتہ نگہبان ہے جو ہمیشہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔ ظاہری حفاظت کیلئے بھی اور باطنی حفاظت کے لئے بھی جو روح القدس کہلاتا ہے۔ ص۷۷

۴- آیت ولقد زینا السماء الدنیا بمصابیح وجعلنها رجوما للشیاطین سے
(الف) استدلال کہ ہر ستارے پر ایک فرشتہ موکل ہے۔ حاشیہ ص۷۷
(ب) اس سوال کا جواب کہ بعض آیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہب ثاقبہ کو چلانے والے سماء الدنیا کے ستارے ہیں اور دوسری آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر امر کے مقسّم اور مدبر فرشتے ہیں۔ ان دونوں میں کوئی منافات نہیں ہے۔ حاشیہ ص۱۴۰-۱۴۶

۵- آیت منهم ظالم لنفسه ومنهم مقتصد ومنهم سابق بالخیرات میں تین گروہوں کا ذکر بلحاظ روح القدس کی چمک اور شیطانی ظلمت کے پائے جانے کے ص۹۷ و ص۱۲۸

برگزیدہ بندوں کے تین گروہوں کا ذکر:-

۱- (الف) ظالموں کا گروہ یعنی جو اپنے نفس پر ظلم کرتے اور نفس سرکش کی مخالفت اختیار کر کے مجاہدات شاقہ میں مشغول ہیں۔ ص۱۲۹
(ب) اس امر کی دلیل کہ اس آیت میں ظالم سے مراد سرکش اور نافرمان نہیں ہیں۔ ص۱۳۳-۱۴۳
(ج) اس قسم کے ظالموں کا نام قرآن کریم کے دوسرے مقامات میں توابین بھی ہے۔ ص۱۳۹

۲- دوسرا میانہ حالت آدمیوں کا گروہ جن کا بعض سلوک کی راہوں میں نفس موافق اور بعض راہوں میں مخالف ہے۔ ص۱۲۹-۱۳۰

۳- سابق بالخیرات اعلیٰ درجہ کے آدمیوں کا گروہ جن کا نفس مطمئنہ ہو جاتا ہے اور اللہ جلشانہ کی فرمانبرداری ان کی طبیعت کی جزو اور ان کی جان کی راحت ہو جاتی ہے۔ ص۱۳۰-۱۳۳

۶۔ آیت ویجعل لکم نورا تمشون بہ میں
(الف) نور سے مراد رُوح القدس ہے صـ۹۸
(ب) نور الہام اور نور اجابت دعا اور نور کرامات اصطفا مراد ہے جو تمہارے غیر میں ہرگز نہ پایا جائے گا۔ صـ۲۹۶

۷۔ آیت ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملائکۃ کی تفسیر صـ۹۸

۸۔ آیت او من کان میتا فاحیینٰہ وجعلنا لہ نورا یمشی بہ میں نور اور حیات سے مراد رُوح القدس ہی۔ صـ۹۹

۹۔ آیت اولئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ کی تفسیر کہ ایمان کے دلوں میں لکھنے سے ایک نئی پیدائش انسان کو حاصل ہوتی ہے جو بجز تائید رُوح القدس کے ہرگز نہیں مل سکتی۔ صـ۱۰۰،۱۰۱

۱۰۔ آیت فالھمھا فجورھا وتقوٰھا یعنی خدا بوجہ علۃ العلل ہونے کے بدی اور نیکی دونوں کا الہام کرتا ہے۔ بدی کے الہام کا ذریعہ شیطان اور نیکی کے الہام کا ذریعہ رُوح القدس ہے جو پاک خیالات دل میں ڈالتا ہے۔ حاشیہ صـ۸۱

۱۱۔ آیات والسماء والطارق... حافظ کی تفسیر ان آیات میں خدا تعالیٰ کے رُوحانی اور جسمانی انتظام کا بیان کیا ہے اور قانون قدرت کو جو اجرام سماوی میں پایا جاتا ہے بہ پیرایہ قسم بطور شاہد کے پیش کیا ہے اور بتایا ہے کہ ان دونوں انتظاموں کا مبدأ ایک ہی ہے۔ حاشیہ صـ۹۹-۱۰۲

۱۲۔ آیات والنجم اذا ھوٰی... وھو بالافق الاعلیٰ کی لطیف تفسیر حاشیہ صـ۱۰۲-۱۰۸

۱۳۔ آیات والذاریات ذروا۔ الی۔ امرا کی تفسیر۔ پہلی تین آیات میں ہواؤں کا ذکر کیا ہے جو ظاہری نظام سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور آخری آیت میں ملائکہ کا ذکر کیا۔ تا ظاہر کرے کہ جسمانی سلسلہ کے نیچے ایک اور سلسلہ علل رُوحانیہ کا ہے۔ حاشیہ صـ۱۳۵-۱۳۶

۱۴۔ آیات والمرسلات عرفا... فالملقیات ذکرا میں ہواؤں اور فرشتوں دونوں کا ذکر کیا ہے۔ اور آیت فالمدبرات امرا میں فرشتوں اور ستاروں کو ایک ہی جگہ جمع کر دیا ہے۔ صـ۱۳۷

۱۵۔ آیت وانشقت السماء فھی یومئذ واھیۃ والملک علی ارجائھا سے استدلال کہ فرشتے آسمان اور آسمانی اجرام کے لئے بطور جان کے ہیں اور ان کی بقا بباعث انہی ملائک کے ہے۔ حاشیہ صـ۱۳۹-۱۴۰

۱۶۔ آیت اللہ الذی خلق سبع سمٰوٰت ومن الارض مثلھن الآیۃ کی تفسیر

سات زمینوں سے مراد زمین کی آبادی کے سات طبقے ہیں جو نسبتی طور پر بعض بعض کے تحت واقع ہیں۔ اس جگہ تقسیم سے مراد ایک صحیح تقسیم ہے جس سے کوئی معمورہ باہر نہ رہے اور زمین کی ہر ایک جزو کسی حصہ میں داخل ہو جائے۔ گویا ہفت اقالیم کا خیال بھی ایک الہامی تحریک تھی۔ ص ۱۵۶-۱۶۰

۱۷- آیت ولقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین الآیۃ کی تفسیر اور انسانی پیدائش کے مراتب ستہ کا ذکر روحانی جسمانی دونوں لحاظ سے۔ حاشیہ در حاشیہ ص ۱۷۶-۲۰۷

۱۸- آیت لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم سے انسان کے عالم صغیر ہونے پر استدلال۔ حاشیہ در حاشیہ ص ۱۸۲

۱۹- آیت اولم یر الذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا ففتقناھما الآیۃ کی تفسیر حاشیہ در حاشیہ ص ۱۴۱

۲۰- آیت فحملہا الانسان انہ کان ظلوما جہولا میں (الف) ظلومیت اور جہولیت کی صفت مقام مدح میں ہے ص ۱۴۲ اس کی مزید تشریح ص ۱۵۷-۱۶۵

(ب) اس وسوسہ کا جواب کہ کیا متقدمین نے بھی ظلوم وجہول کو محل مدح میں لیا ہے ہاں صاحب فتوحات مکیہ تفسیر حسینی مؤلفہ خواجہ محمد پارسا اور ابن جریر نے محل مدح میں قرار دیا ہے۔ ص ۱۶۵-۱۷۰

۲۱- آیت انا عرضنا الامانۃ میں مذکور امانت

(الف) سراسر خیر اور نور تھی اور انسان ظلوم و جہول بھی ہمارے بیان کردہ معنوں کی رو سے نور ہے۔ اس نور نے نور کو قبول کیا۔ اور وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کامل کو دیا گیا۔ وہ نہ ملائک نہ قمر نہ آفتاب نہ سمندر دل نہ دریاؤں غرضیکہ ارضی وسماوی کسی چیز میں نہیں تھا۔ صرف انسان کامل میں تھا۔ ص ۱۵۹-۱۶۰ و ص ۱۶۵-۱۶۸

(ب) اس میں امانت سے مراد انسان کامل کے وہ تمام قویٰ اور عقل اور علم اور دل اور جان اور حواس اور خوف و محبت اور جمیع نعماء روحانی و جسمانی ہیں۔ خدا تعالیٰ انسان کامل کو عطا کرتا اور وہ اس ساری امانت کو جناب الٰہی کو واپس دیتا ہے اور اس میں فانی ہو کر اس کی راہ میں وقف کر دیتا ہے اور یہ شان اعلیٰ اور اکمل طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی گئی اور تائیدی آیات کا ذکر ص ۱۶۱-۱۶۲

(ج) در حقیقت امانت اور اسلام کی حقیقت ایک ہی ہے۔ ص ۱۶۳-۱۶۴

۲۲- آیت وان منکم الا واردھا ... جثیا کی لطیف تفسیر۔

(الف) متقیوں کے مس نار سے خالی نہ رہنے کی لطیف تشریح مع احادیث کہ مومن بھی خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنی جانوں کو بھڑکتی ہوئی آگ میں

گراتے ہیں۔ صفحہ ۱۴۲-۱۴۶

(ب) دوسرے معنی اس آیت کے یہ ہیں کہ عالمِ آخرت میں ہر ایک سعید و شقی کو متمثل کرکے دکھایا جائے گا کہ وہ دنیا میں سلامتی کی راہوں پر چلا یا ہلاکت اور موت اور جہنم کی راہیں اختیار کیں۔ صفحہ ۱۴۶-۱۴۸

(ج) تیسرے معنے اس آیت کے یہ بھی ہو سکتے ہیں۔ صراط مستقیم پل صراط کی صورت میں متمثل ہوگا کہ در اصل دوزخی لوگ مخاطب ہیں۔ پھر بعض ان میں سے جو کچھ حصہ تقوی کا رکھتے ہیں نجات پاویں اور دوسرے دوزخ میں ہی گرے رہیں۔ صفحہ ۱۵۷

۲۳- آیت ثم ننجی الذین اتقوا میں نجات کا لفظ اپنے حقیقی معنے پر مستعمل نہیں۔ قرآن مجید سے ایسی دوسری مثالوں کا ذکر۔ بلکہ اس سے صرف اس قدر مراد ہے کہ مومنوں کا نجات یافتہ ہونا اسوقت ہم ظاہر کردیں گے۔ صفحہ ۱۵۴-۱۵۶

۲۴- آیت انا اول المسلمین سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام انبیاء پر فضیلت کلی ثابت ہوتی ہے۔ صفحہ ۱۶۳

۲۵- آیت ان اسلم لرب العالمین یعنی اس میں فنا ہو کر جیسا کہ وہ رب العالمین ہے میں خادم العالمین ہوں اور ہمہ تن اسی کا اور اس کی راہ کا ہو جاؤں صفحہ ۱۶۵

۲۶- آیت ووجدك ضالا فهدى کی لطیف تفسیر۔ ضال سے مراد عاشق وجہ اللہ ہے۔ اور انتہائی درجہ کے تعشق کی طرف اشارہ ہے۔ اور یہی معنی حضرت یعقوبؑ کی نسبت انك لفی ضلالك القديم میں لفظ ضلال کے ہیں۔ اور دلیل کہ لف ونشر مرتب کے طور پر ضال کے مقابل آیت واما السائل فلا تنهر میں لفظ سائل وارد ہے۔ صفحہ ۱۷۰-۱۷۳

۲۷- آیت ومن يؤت الحكمة فقد اوتی خيرا كثيرا میں حکمت سے مراد علم عظمت ذات وصفات باری اور خیر کثیر سے مراد اسلام ہے۔ صفحہ ۱۸۶

۲۸- آیت وآخرين منهم لما يلحقوا بهم

(الف) ای ویعلم الآخرین یعنی صحابہ کے علاوہ آخری زمانہ میں بھی ایک گروہ کی نبی کریمؐ تربیت فرمائیں گے اور صحابہ سے وہ ملیں گے صفحہ ۲۰۹-۲۱۰

(ب) زمانے تین ہیں۔ اول صحابہؓ کا زمانہ ایک اوسط جو صحابہ اور مسیح موعود کے درمیان ہے۔ جس کا نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فیج اعوج رکھا ہے۔ تیسرا زمانہ مسیح موعودؑ کا زمانہ جو مصداق آیت وآخرین منهم کا ہے صفحہ ۲۱۳-۲۱۴

(ج) اس سے متعلقہ احادیث۔ صفحہ ۲۱۶

(د) اس آیت کے حروف کے اعداد جو ۱۲۷۵ بنتے ہیں اور وہ اس عاجز کی بلوغ اور پیدائش ثانی اور روحانی کی تاریخ ہے۔ صفحہ ۲۱۹-۲۲۰

(ھ) اِس سوال کا جواب کہ آخرین منہم جمع کا
لفظ ہے پھر ایک پر کیونکر اطلاق پا سکتا ہے
یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی
تشریح میں رجل من فارس فرمایا۔ قرآن میں جمع
کا لفظ واحد کیلئے بھی آتا ہے۔ جیسے حضرت
ابراہیمؑ کو اُمت فرمایا۔ نیز اسلئے بھی آخرین
فرمایا کہ وہ آنے والا ایک نہیں رہے گا۔ بلکہ
وہ ایک جماعت ہو جائے گی۔ صـ۲۲۰

۲۹۔ آیت وما ارسلنا من قبلك من رسول
ولا نبي الا اذا تمنى القى الشيطان
في امنيته الآية میں امنیته سے
مراد وحی غیر متلو ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے
کبھی نبی کی اس قسم کی وحی جس کو دوسرے
لفظوں میں اجتہاد بھی کہتے ہیں مسّ شیطانی
سے مخلوط ہو جاتی ہے۔ تب فی الفور وحی
اکبر جو کلام الٰہی اور وحی متلو اور مہیمن
ہے۔ نبی کو اس غلطی پر متنبہ کر دیتی ہے
اور وحی متلو شیطان کے دخل سے بکلی
منزہ ہوتی ہے۔ صـ۲۵۲، ۲۵۳

۳۰۔ آیت هب لي ملكا لا ينبغي لاحد
کا مطلب صـ۱۱۲

۳۱۔ آیت اني متوفيك ورافعك الي
کی تفسیر صـ۲۳۴

۳۲۔ سورۃ الطارق کی آیات والسماء ذات الرجع
والارض ذات الصدع .... اکید کیدا
کی لطیف تفسیر اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس آیت
کے اسرار کی تفہیم میں مختص کیا ہے۔ اور اس میں
انبیاء کے ارواح کے نزول انعکاسی اور نزول
مسیح کی حقیقت بیان کی گئی ہے۔ اور یہ کہ رجع
اور صدع یعنی تاثر اور تاثیر کا سلسلہ ہر مخلوق
میں جاری وساری ہے۔ صـ۲۴۲ - ۲۴۶

۳۳۔ آیت اھدنا الصراط المستقیم صراط
الذین انعمت علیھم میں منعم علیہم
نبی اور صدیق اور شہداء اور صلحاء ہیں۔ خلاصہ مطلب
یہ کہ ان چاروں گروہوں میں سے جس کا زمانہ
پاؤ اس کے سایۂ صحبت میں آجاؤ۔ اور
اس سے فیض حاصل کرو۔ صـ۹۱۲

تقویٰ۔ آیت ان تتقوا اللہ یجعل لکم
فرقانا الآیۃ سے ظاہر ہے کہ حقیقی تقویٰ کے ساتھ
جاہلیت جمع نہیں ہو سکتی۔ اعلیٰ درجہ کی کرامت
جو ان اولیاء کو دی جاتی ہے جن کو تقویٰ میں کمال
ہوتا ہے اُنکے تمام حواس اور عقل اور فہم
اور قیاس میں نور رکھا جاتا ہے۔ صـ۱۷۷، ۱۷۱

تکبر۔ تکبر کی مذمت۔ قیامت کے دن شرک کے
بعد تکبر جیسی اور کوئی بلا نہیں متکبر خدا تعالیٰ
کے رحم سے محروم ہے۔ صـ۵۹۸

تکفیر (الف) تکفیر علماء دیکھو "علماء"
(ب) فتنہ تکفیر کے بانی مبانی اور اول المکفرین
دیکھو "محمد حسین" اور "نذیر حسین"

تکوین۔ مرتبہ تدلی میں بحالت تموج صاحب مرتبہ

مقام قادیان کی کیفیت جس میں پانچ سو کے قریب حاضری ہوئی ۔ ص۶۱۳

(ج) ۲۸ دسمبر کو یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے قرار پایا کہ ایک رسالہ جو ضروریات اسلام کا جامع اور اسلام کا خوبصورت چہرہ معقولی طور پر دکھاتا ہو۔ یورپ و امریکہ میں پھیلایا جائے۔ نیز قادیان میں مطبع قائم کرنے اور ایک اخبار جاری کرنے اور مولوی سید محمد احسن صاحب کو سلسلہ کا واعظ مقرر کرنے کی تجاویز اور اسکے لئے ایک کمیٹی کا تقرر ص۶۱۵

(د) حاضری احباب کے اسماء ص۶۱۶-۶۲۹

۳۔ جلسہ سالانہ۔ زیر عنوان ناظرین کی توجہ کے لائق جبکہ بٹالوی صاحب کا ابھی فتویٰ تکفیر تیار نہیں ہوا تھا۔ جد وجہد ہو رہی تھی ۱۸۹۱ء میں حاضرین کی تعداد ۷۵ تھی لیکن فتویٰ کی اشاعت کے بعد ۱۸۹۲ء کے سالانہ جلسہ میں ۳۲۷ احباب شریک جلسہ ہوئے۔ ص۶۲۹

۴۔ جلسہ سالانہ ۲۹ دسمبر ۱۸۹۲ء کے موقع پر جو فہرست چندہ دہندگان کی مع رقوم چندہ تیار کی گئی۔ ص۶۳۲-۶۳۵

جماعت۔ اپنی جماعت کے لئے چند اشعار بزبان فارسی ٹائیٹل پیج ص۲

جن اور جنات (الف) ہر ایک فیضان کیلئے ہم میں اور ہمارے خداوند کریم میں علل متوسطہ کا سلسلہ پایا جاتا ہے۔ اسی دلیل سے ملائک اور جنات کا وجود بھی ثابت ہوتا ہے۔ ص۸۶

(ب) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جن کے اسلام لانے سے مراد دیکھو "شیطان"

ح

حج (نفلی) مامور من اللہ کی طرف بغرض حصول ہدایت سفر کرنے کا ثواب نفلی حج سے زیادہ ہے ص۳۵۲

حدیث۔ جمع احادیث

۱۔ ان معکم من لا یفارقکم الا عند الخلاء و عند الجماع فاستحیوھم واکرموھم ص۹۰

۲۔ ما منکم من احد الا وقد وکل بہ قرینہ من الجن وقرینہ من الملائکۃ قالوا و ایاک یا رسول اللّٰہ قال وایای ولکن اللّٰہ اعاننی علیہ فلا یأمرنی الا بخیر ص۹۰

۳۔ (الف) اللّٰھم اید حسان بروح القدس کما نافح عن نبیک ص۱۰۲

(ب) اجب عنی اللّٰھم ایدہ بروح القدس ص۱۰۲

(ج) ھاجھم وجبرئیل معک ص۱۰۲

۴۔ اذا اراد اللّٰہ تبارک وتعالیٰ ان یوحی بامرہ تکلم بالوحی..... فینتھی جبرئیل بالوحی الی حیث امرہ اللّٰہ تعالیٰ من السماء الی الارض ص۱۰۸

۵۔ ما فی السماء موضع قدم الا علیہ ملک ساجد اوقائم وذلک قول الملائکۃ.. وما منا الا لہ مقام معلوم حاشیہ ص۸۹

۶۔ لا تفضلونی علیٰ یونس بن متی بطور انکسار

کا اثر ہوتا ہے۔ حاشیہ ص۸۰

(ب) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب بھی بلاشبہ وحی میں داخل ہے حاشیہ ص۹۲

(ج) سچی خواب اپنی سچائی کے آثار آپ ظاہر کر دیتی ہے۔ اور اسکی علامات ص۳۵۲

(د) سچی خوابوں کیلئے ضروری شرط کہ انسان بیداری کی حالت میں ہمیشہ سچا اور خدا تعالیٰ کیلئے راستباز ہو وغیرہ ص۳۵۳

(ھ) شیطانی خواب سے رحمانی خواب کا امتیاز۔ رحمانی خواب اپنی شوکت اور برکت اور عظمت اور نورانیت سے خود معلوم ہو جاتی ہے۔ جو چیز پاک چشمہ سے نکلتی ہے۔ وہ پاکیزگی اور خوشبو اپنے اندر رکھتی ہے۔ ص۳۵۴ نیز دیکھو "رؤیا"

خوارق اقتداری دیکھو "معجزات"

د

داعی الی الخیر اور داعی الی الشر (الف) ہر ایک بشر کے لئے مقرر ہیں۔ احادیث سے ثبوت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے داعی الی الشر کا مسلمان ہو جانا اور صرف نیکی کا حکم دینا۔ ص۸۰-۸۱ و حاشیہ ص۸۱

(ب) داعی الی الخیر کو ہم روح القدس اور جبرئیل اور داعی الی الشر کو ہم شیطان اور ابلیس کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ ص۸۰ و حاشیہ ص۸۰

دجّال - ۱۔ حقیقت دجّال (الف) زمین کی تمام مخفی تاریکیاں ظاہر ہو گئیں ایک سخت جوشش ضلالت اور بے ایمانی اور بد استعمالی عقل کا برپا ہو گیا۔ یہ وہی طبائع زائغہ کا جوش ہے جس کو دوسرے لفظوں میں دجّال کے نام سے موسوم کیا گیا تھا۔ ص۴۲

(ب) موجودہ زمانہ کے فساد اور فتنہ اندازی سے اور کوئی زمانہ بدتر نہیں۔ اس سے زیادہ بڑے دجّال کا اور کوئی وقت نہیں۔ ص۵۲-۵۳

(ج) **دجال سے مراد دجّالیت والے** کاموں کا سلسلہ مراد ہے۔ اور جنت و نار وغیرہ کے سب الفاظ استعارہ کے رنگ میں استعمال کئے گئے ہیں۔ ورنہ دنیا میں خدا کا کوئی شریک نہیں ہو سکتا لہٰذا اس سے مراد عیسائی قوم ہے جس نے قسم قسم کے فتن برپا کئے۔ قوم یہود سے دجال نہ آنے کی دلیل ص۴۵۰-۴۵۳

(د) **دجال سے وحدت شخصیہ مراد نہیں** بلکہ وحدت نوعیہ مراد ہے۔ یعنی دجّالی اجزاء کا اتحاد جیسے قرآن مجید میں دخان ہے اور دیگر مثالیں۔ ص۵۵۴ و ۵۵۵

(ھ) **دجال سے مراد پادری ہیں۔** جو نبی ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق ہندوستان میں ظاہر ہوئے اور یاجوج ماجوج سے مراد بھی آخری زمانہ کی دو قومیں روس اور برطانیہ اور ان کے ساتھی ہیں۔ اور اس کی دلیل کہ یہ دونو

(ب) کرامت بھی ایک مومن کی قبول شدہ دعا کا نام ہے۔ ص ۲۴۵

(ج) ولایت کی حقیقت بھی یہی ہے۔ جو ایسا قرب اور وجاہت حاصل ہو جائے جو بہ نسبت اوروں کے بہت دعائیں قبول ہوں ص ۲۴۲ و ص ۳۹۹

۹۔ **دعا سے ہدایت** خداتعالیٰ کسی ملہم کی دعا سے اسکو ہدایت کرتا ہے جسکی دل پر زیغ اور کجی کا غلبہ نہیں ہوتا ورنہ بموجب آیت فلما زاغوا ازاغ اللہ قلوبھم وہ ہدایت پانے سے محروم رہتا ہے۔ ص ۳۱۸ حاشیہ

۱۰۔ **دعا قبول ہوگئی۔** محمد حسین بٹالوی سے تفسیر لکھنے کے مقابلہ میں فتح پانے کے لئے دعا کی تو الہام ہوا ادعونی استجب لکم اور مجھے معلوم ہوا کہ دعا قبول ہوگئی اور اس کی ذلت کا وقت قریب آپہنچا ص ۶۰۴

دعوت (الف) دعوت اسلام فارسی قصیدہ میں ٹائیٹل پیج ص ۲

(ب) احاد الناس جو امام اور فضلاء نہیں خوارق دیکھنا چاہیں تو میری صحبت میں رہیں ص ۳۴۹ و ۴۰۵

(ج) مسلمانوں کو دعوت کہ وہ آپ کو قبول کریں اپنے ملہم اور مؤید من اللہ ہونے کا دعویٰ اور شناخت کے ذریعہ کا ذکر ص ۴۱۲-۴۱۳

دعوت برائے مقابلہ (الف) خداتعالیٰ کے وجود کا یقینی ثبوت دینے کے لئے مؤلف نے ہر ایک مخالف کو بلایا۔ لیکن کوئی شخص صدق اور سچی طلب سے متوجہ نہ ہوا۔ اب بھی اگر کوئی متوجہ ہو تو ہمارا زندہ خدا بلاشبہ آسمانی چمک سے اس پر حجت قائم کرے گا۔ حاشیہ ص ۱۵۸-۱۵۹

(ب) **اس دعویٰ کے ثبوت کے لئے** کہ روحانی حیات اور برکات روحانیہ اور انکشاف اسرار غیبیہ بجز اتباع خاتم الانبیاءؐ کے کسی اور ذریعہ سے نہیں مل سکتی۔ آپ نے ہر مخالف کو مقابلہ کے لئے بلایا اور یکطرفہ برکات اور آیات اور نشانوں کے مشاہدہ کے لئے بھی دعوت دی۔ لیکن کسی نے صدق اور نیک نیتی سے اس طرف رخ نہ کیا۔ ص ۲۲۲

(ج) **دعوت مقابلہ و نشان نمائی۔** تمام مخالفین اسلام کو اپنے مذہب کی صداقت اور امور غیبیہ کے ظاہر کرنے اور دعاؤں کی قبولیت میں مقابلہ کرنے کی دعوت اور اسلام لانے کی شرط پر نشان نمائی کا وعدہ۔ اور اگر نشان دیکھنے پر اسلام قبول نہ کریں۔ تو دوسرا نشان یہ ہوگا کہ میں خداتعالیٰ سے چاہونگا کہ ایک سال تک ایسے شخص پر کوئی سخت وبا نازل کرے اور اگر یہ دعا منظور نہ ہو تو پھر بھی میں ہر ایک تاوان کا جو تجویز کیا جائے سزاوار ہونگا۔ ص ۲۴۸ و ص ۲۷۲-۲۷۸

(د) **میدان مقابلہ میں** میں ہر وقت کھڑا ہوں اور سب اکٹھے ہوکر آجاؤ۔ اور دیر نہ کرو۔ اگر قبول کرو تو برکات کے وارث

ر

مخالفوں پر روحانی تلوار چلانے کا ایک نمونہ ص۲۷۲ و ص۲۷۸ دیکھو زیر "اشتہار"

روحانی زندگی (الف) حیات روحانی سے مراد انسان کے وہ علمی اور عملی قوی ہیں جو روح القدس کی تائید سے زندہ ہو جاتے ہیں اور قرآن سے وہ احکام جن پر اللہ جلشانہ انسان کو قائم کرنا چاہتا ہے چھ سو ہیں اور بیضہ بشریت جب تک چھ سو حکم کو سر پر رکھ کر جبرئیل کے پروں کے نیچے نہ آوے اس میں فنا فی اللہ ہونے کا بچہ پیدا نہیں ہوتا۔ جس شخص کا چھ سو بیضہ استعداد جبرائیل کے چھ سو پر کے نیچے آگیا۔ وہ انسان کامل ہے اور یہ تولد اس کا تولد کامل اور یہ حیات کامل ہے ص۱۹۶-۱۹۷

(ب) یہی رُوحانی زندگی ہے کہ مراتب ثلاثہ توحید کے حاصل ہو جائیں ص۲۲۳ دیکھو "توحید"

روحانی نشان یہ جاننے کیلئے کہ مولوی بٹالوی اور مؤلف میں سے سچا کون ہے اور کاذب کون؟ فصیح و بلیغ عربی زبان میں ایک سورہ کے چالیس دن میں تفسیر لکھنے سے جو نئے معارف پر مشتمل ہو اور آخر میں ایک سو شعر عربی زبان میں لکھنے سے متعلق نشان ص۶۰۲-۶۰۴

رُوح القدس -۱- روح القدس کی حقیقت جب محبت الٰہی بندہ کی محبت پر نازل ہوتی ہے۔ تب دونوں محبتوں کے ملنے سے روح القدس کا بقا اور لقا کے مرتبہ پر ایک روشن اور کامل سایہ انسان کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے اور وہ روشنی اس سے کبھی اور کسی حال میں جُدا نہیں ہوتی۔ اس روشنی کا نام روح القدس ہے۔ مگر یہ حقیقی روح القدس جو آسمان پر ہے ظل ہے۔ حقیقی روح القدس تو اپنے مقام پر ہی رہتا ہے لیکن روح القدس کے اس سایہ کا نام مجازاً روح القدس رکھا جاتا ہے۔ ص۷۲-۷۳ و حاشیہ ص۷۹

۲- یہ عقیدہ کہ روح القدس کسی وقت اپنی تمام تاثیرات کے ساتھ مقدس بزرگوں سے جُدا ہو جاتا ہے۔ باطل اور ان کی توہین کا موجب ہے۔ ص۷۲

۳- **مسلمانوں کا عقیدہ** ہے کہ جیسے اشرار و کفار کے لئے دائمی طور پر شیطان کو بئس القرین قرار دیا گیا ہے۔ ایسا ہی مقربین کے لئے دائمی طور پر روح القدس کو نعم القرین قرار دیا گیا ہے۔ ص۷۴

۴- **مخالف قومی بھائی** کہتے ہیں کہ روح القدس جبرئیل کا نام ہے جو کبھی مقربوں سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ ص۷۴

۵- **مسلمانوں کا عقیدہ** عیسائیوں کی طرح۔ مسیحؑ کے متعلق یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اور ہر دم رُوح القدس سے تائید یافتہ تھے۔ اور رُوح القدس کبھی ان سے جدا نہیں ہوتا تھا۔ (دیکھو تفاسیر زیر آیت ایدناہ بروح القدس) مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روح القدس جدا بھی ہو جاتا تھا افسوس صد افسوس ص۷۵ حاشیہ

۶- **عیسائیوں کا عقیدہ کہ نہ صرف مسیح سے** بلکہ حواریوں سے بھی روح القدس جدا نہ ہوتا تھا۔ لیکن مولوی اور محدث اور شیخ الکل نام رکھا کر جناب ختم المرسلین کی بے ادبی کرتے ہیں کہ روح القدس آپ سے جدا ہو جاتا تھا۔ ص۷۶

۷- **روح القدس کے کامل مومنوں اور مقربوں میں ہمیشہ رہنے کا ثبوت قرآنی تصریحات سے** ص۷۶-۷۷ و ص۹۷-۱۰۰ اور احادیث نبویہ ص۱۰۲-۱۰۴

۸- **اس اعتراض کا جواب کہ اگر روح القدس** صرف ان مقربوں کو ملتا ہے جو بقا اور لقاء کے مرتبہ تک پہنچتے ہیں تو پھر وہ ہر ایک کا نگہبان کیونکر ہو سکتا ہے۔ حاشیہ ص۷۸-۸۰

۹- **شیطان کا اسلام قبول کرنا۔** روح القدس انسان کا دائمی قرین ہے۔ بلکہ بقا اور لقاء کی حالت میں اثر شیطان کالعدم ہو جاتا ہے۔ گویا وہ اسلام قبول کر لیتا ہے اور روح القدس کا نور انتہائی درجہ پر چمک اٹھتا ہے ص۸۲

۱۰- **روح القدس اور شیاطین کے وجود کی دلیل محجوب کیلئے۔** متاثرات کو دیکھ کر مؤثر حقیقی کے وجود کو ماننا ہے۔ مگر عارف انہیں روحانی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں ص۸۸

۱۱- **شیخ بٹالوی اور شیخ دہلوی کا عقیدہ** کہ داعی الی الشر یعنی شیطان تو ہر وقت انسان کا قرین ہے۔ لیکن داعی الی الخیر روح القدس نہیں۔ حتیٰ کہ انبیاء بھی چالیس چالیس روز تک اسکی ملاقات سے محروم رہتے ہیں اور اسکی تردید ص۹۰-۹۹

۱۲- **روح القدس کی چمک** ہر ایک شخص اپنے فطرتی نور کی وجہ سے کچھ نہ کچھ روح القدس کی چمک اپنے اندر رکھتا ہے۔ ص۹۶

۱۳- **تین گروہ** روح القدس کی چمک اور شیطانی ظلمت کے لحاظ سے مطابق آیت منهم ظالم لنفسه الآیۃ لوگوں کے تین گروہ ہیں۔
(۱) جن پر شیطانی ظلمت غالب اور روح القدس کی چمک کم۔ (۲) جن میں شیطانی ظلمت اور روح القدس کی چمک مساوی۔ (۳) جن پر روح القدس کی چمک غالب آکر خیر محض ہوتی ہے۔ ص۹۷-۱۰۰
تائیدی احادیث ص۱۰۲-۱۰۵ نیز دیکھو "آیات و تفسیر" و احادیث زیر "حدیث"

۱۴- **روح القدس کی وجہ تسمیہ** یہ ہے کہ اس کے داخل ہونے سے انسان کو ایک پاک روح مل جاتی ہے اس واسطے مومنوں کو احیاء اور کفار کو اموات کہا گیا ہے۔ ص۱۰۱-۱۰۲

۱۵- قرآن کریم میں روح القدس کا نام نور ہے ص۹۵

۱۶- نور اور حیات سے مراد روح القدس ہے کیونکہ اس سے ظلمت دور ہوتی اور وہ دلوں کو زندہ کرتا ہے۔ ص۹۹

۱۷- **عقیدۂ علماء کے دو افسوسناک پہلو:-** علماء کے عقیدہ کہ حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ روح القدس ہمیشہ رہتا تھا اور یہ کہ وہ مس شیطان سے بری تھے۔

لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ ہمیشہ روح القدس ہے تاہم مس شیطان سے آپ بری تھے۔ اسکے دو افسوسناک پہلو ص۱۰۴-۱۱۲ نیز دیکھو "علماء"

۱۸- **روح القدس** کی اعلیٰ تجلی اور ناقص نزول یا تجلی کی مثال حاشیہ ص۷۸-۷۹

۱۹- **ادنیٰ سے ادنیٰ نیکی** کا خیال بھی روح القدس سے پیدا ہوتا ہے ص۸۵ حاشیہ

۲۰- **اس سوال کا جواب** کہ اگر روح القدس ہر انسان کے ساتھ ہے جو بدیوں سے روکنے کیلئے مقرر ہے تو پھر اس سے گناہ کیوں سرزد ہوتے ہیں۔ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کیلئے ابتلا کے طور پر دو داعی مقرر کیئے ہیں۔ یہ دونوں داعی خیر اور شر کی طرف بلاتے ہیں۔ مگر کسی بات پر جبر نہیں کرتے۔ حاشیہ ص۸۰-۸۱

۲۱- **مقربوں کی روح**۔ مقربوں کا روح القدس کی تاثیر سے علیحدہ ہونا ممکن نہیں۔ کیونکہ ان کی زندگی کی روح یہی روح القدس ہے ص۹۱ حاشیہ

۲۲- **روح القدس کی جس علیحدگی** کا ذکر احادیث میں ہے۔ اس سے مراد صرف ایک قسم کی تجلی ہے۔ جس میں بوجہ مصالح الٰہی اس قسم کی تجلی میں دیر ہوجاتی ہے۔ اور اصطلاح قرآن میں اکثر نزول سے مراد وہی تجلی ہے۔ حاشیہ ص۹۱

۲۳- **روح القدس کی قدسیت** کے متعلق مؤلف کو ذاتی تجربہ سے معلوم ہے کہ وہ ہر وقت ہر دم ہر لحظہ بلا فصل ملہم کے تمام قویٰ میں کام کرتی رہتی ہے۔ حاشیہ ص۹۳

رؤیا- ۱- ۱۷ اکتوبر ۱۸۹۲ء کو رؤیا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا اور آنجناب کا آئینہ کمالات کے اس حصہ پر جس میں آنجناب کے محامد مبارکہ کا ذکر اور آپ کے صحابہؓ کے کمالات صدق وصفا کا بیان ہے انگلی رکھ کر فرمانا ھذا لی وھذا الاصحابی۔ پھر الہام ہوا۔ اور خدا تعالیٰ نے اس کتاب کے ایک مقام کی طرف اشارہ کرکے فرمایا۔ ھذا الثناء لی۔ حاشیہ ص۲۱۵-۲۱۷ و ص۵۶۲-۵۶۳

۲- ۱۸ دسمبر ۱۸۹۲ء کو رؤیا میں اپنے آپکو حضرت علیؓ مرتضیٰ سمجھنا اور خوارج کے ایک گروہ کا آپ کی مزاحمت کرنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانا یا علی دعھم وزراعتھم اور فرمانا کہ تو ہی حق پر ہے۔ حاشیہ ص۲۱۸-۲۱۹ ص۵۶۳

۳- **مقدمہ ڈاکخانہ سے متعلق رؤیا**۔ رؤیا میں اللہ تعالےٰ نے ظاہر کیا کہ رلیارام وکیل نے ایک سانپ میرے کاٹنے کے لئے مجھ کو بھیجا ہے اور میں نے اسے مچھلی کی طرح تل کر واپس بھیج دیا ہے۔ ص۲۹۸

۴- **خواب میں دیکھا** کہ ایک شخص نے میری ٹوپی اتارنے کے لئے ہاتھ مارا میں نے کہا کیا کرنے لگا ہے۔ تب اس نے ٹوپی کو میرے سر پر رہنے دیا اور کہا خیر ہے خیر ہے ص۲۹۹

۵- **میرا وقت آگیا ہے** جوانی کی حالت میں خواب

میں دیکھا کہ میں نے خادموں سے کہا میرا فراش
تیار کرو۔ کیونکہ میرا وقت ہو گیا ہے ص۵۴۸

۶۔ **براہین احمدیہ سے متعلق رؤیا**۔ آنحضرتؐ
کے ہاتھ میں مؤلف کا اپنی ایک تصنیف دیکھنا
اور آنحضرتؐ کے دریافت کرنے پر قطبی نام
بتانا۔ پھر اس کا ایک لطیف پھل کی صورت
میں تبدیل ہو جانا اور اس سے شہد نکلنا۔
پھر ایک مُردہ کو دیکھنا جو زندہ ہو گیا۔
اور حضرت مسیح موعودؑ کا اُسے قاش دینا۔
اور اس کی تعبیر ص۵۴۸-۴۵۹

۷۔ **پنجتن پاک**۔ ایک رؤیا میں پنجتن پاک کو دیکھنا
اور حضرت فاطمہؓ کا اپنی ران پر آپ کا سر رکھنا
اور نہایت شفقت کا اظہار فرمانا جس سے یُوں سمجھا
کر مجھے امام حسین سے نسبت ہے ص۵۵۰

۸۔ **تفسیر القرآن**۔ رؤیا میں حضرت علیؓ کا آپ کو
تفسیر القرآن دینا اور آنحضرتؐ کا اسی مکان
میں موجود ہونا۔ ص۵۵۰

۹۔ **معانقۂ آنحضرتؐ**۔ ایک رات لکھنے لکھتے
سو جانا اور رؤیا میں آنحضرتؐ کی زیارت سے
مشرف ہونا اور آنحضرتؐ کا آپ سے معانقہ
فرمانا۔ ص۵۵۰

۱۰۔ اس کے بعد الہامات کا سلسلہ شروع ہوا۔
یا احمد بارک اللہ فیک الی آخر الالہامات
ص۵۵۰-۵۵۱

۱۱۔ **خدا دیکھنا**۔ خواب میں اپنے آپکو خدا دیکھنا اور
اسی حالت میں زمین و آسمان پیدا کرنا اور سماء دنیا
پیدا کر کے انا زینا السماء الدنیا بمصابیح
کہنا اور اس کی تعبیر کہ ہمیں آسمانی اور زمینی
تائیدات کی طرف اشارہ ہے اور یہ کہ اس
کشف سے وحدت وجودیوں اور حلولیوں کے
مذہب کی تائید نہیں ہوتی بلکہ یہ بخاری کی حدیث
مرتبہ قرب النوافل کے موافق ہے ص۵۶۴-۵۶۶

۱۲۔ **چمکدار تلوار**۔ خواب میں اپنے ہاتھ میں ایک
چمکدار کھینچی ہوئی تلوار دیکھنا اور اُسے دائیں
بائیں چلانا۔ خواب میں ہی مولوی عبداللہ غزنوی
مرحوم سے تعبیر دریافت کرنے پر اُن کا فرمانا کہ
تلوار سے حجت کی تلوار مراد ہے اور دائیں بائیں
مارنے سے آیات روحانیہ سماویہ اور دلائل عقلیہ
فلسفیہ مراد ہیں ص۵۷۶

۱۳۔ **مسلح سوار دیکھنا**۔ خواب میں دیکھا گھوڑے پر
زین ڈالی ہے اور کسی مقصد کے لئے ہتھیار بند
ہو کر کسی جگہ جا رہا ہوں۔ ہزاروں مسلح سوار
دیکھے جو کریہہ المنظر اور مشرکوں کی ہیئت
اور پھٹے پرانے فاسقوں کے لباس میں تھے۔
آخر کار میرے باغ میں داخل ہوئے جس سے
